**27.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے پچھلے گیارہ سال میں اپنی صلاحیتوں کو پہچانا ہے۔ جناب مودی نے نئی دلّی میں ایک پروگرام سے خطاب کیا۔

☆ ملک کی معیشت، مضبوط ترقی کی رفتار برقرار رکھے ہوئے ہے۔ رواں مالی برس کی تیسری سہ ماہی میں GDP کی شرحِ ترقی سات اعشاریہ 8 فیصد رہی۔

☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ بھارت—امریکہ عبوری تجارتی معاہدے میں ملک کے زرعی اور MSME شعبوں کے مفادات کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔

☆ افغانستان نے پاکستان میں اسلام آباد سمیت فوجی ٹھکانوں پر جوابی فضائی حملے کیے، 55 پاکستانی فوجی ہلاک ہوگئے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Summit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ بھارت نے گزشتہ گیارہ سال میں اپنی طاقت اور صلاحیتوں کو پہچانا ہے اور ان کی حکومت، اُنہیں حقیقت بنانے کیلئے مسلسل کام کر رہی ہے۔ نئی دلّی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مختلف ممالک، بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدوں کو حتمی شکل دینے کیلئے آگے آرہے ہیں۔

**S/B: PM Trade Deals**

وزیر اعظم نے کہا کہ پہلے بھارت، مغرب کی نقّالی کرتا تھا اور مغربی ملکوں کی حمایت اور توثیق کا خواہاں رہتا تھا لیکن اب، ایسا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے بعد بھی ملک، اِس ذہنیت سے باہر نہیں نکل سکا تھا۔ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت اب، مفلوج پالیسی کا شکار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، مضبوط مینوفیکچرنگ کی صلاحیت سازی کیلئے انتھک محنت کر رہی ہے۔

**S/B: PM- Strenght**

**PM HPV Vaccine**

وزیر اعظم نریندر مودی کل راجستھان کے اجمیر سے 14سال کی لڑکیوں کیلئے ملک گیر HPV ٹیکہ کاری پروگرام کا آغاز کریں گے۔ اس مہم کا مقصد ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ہر سال تقریباً ایک کروڑ 15لاکھ لڑکیوں کو ٹیکہ لگانا ہے۔ یہ ویکسین، نامزد سرکاری صحت مراکز بشمول آیوشمان آروگیہ مندر اور ضلعی اسپتالوں میں مفت دستیاب ہوگی۔

یہ رضاکارانہ پروگرام، جس میں والدین کی رضامندی لازمی ہوگی، خواتین میں پائے جانے والے دوسرے سب سے عام کینسر، یعنی سروائیکل کینسر کی روک تھام کیلئے شروع کیا جا رہا ہے، جو زیادہ تر اعلیٰ خطرے والی HPV اقسام 16اور 18 کی وجہ سے ہوتا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Anand Kumar**

بھارت کا قومی پروگرام چار اقسام پر مشتمل HPV ویکسین Gardasil استعال کرے گا۔ HPV ویکسین دنیا بھر میں سب سے زیادہ تحقیق کی جانے والی ویکسینز میں شامل ہیں اور 2006سے اب تک عالمی سطح پر 50 کروڑ سے زائد خوراکیں دی جاچکی ہیں۔ سائنسی شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ ویکسین ان HPV اقسام کے باعث ہونے والے سروائیکل کینسر کی روک تھام میں تقریباً سو فیصد موثر ہے جو ویکسین میں شامل ہیں۔

اس آغاز کے ساتھ بھارت ان 160سے زائد ممالک میں شامل ہوجائے گا جنھوں نے HPV ویکسین کو اپنے ٹیکہ کاری شیڈول میں شامل کرلیا ہے۔ یہ خصوصی مہم مشن موڈ میں تین ماہ تک جاری رہے گی، جس کے دوران اہل لڑکیاں نامزد مراکز پر روزانہ ویکسین حاصل کرسکیں گی۔اس کے بعد یہ ویکسین معمول کے ٹیکہ کاری ایام میں دستیاب رہے گی۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

**Rev, GDP Briefing**

اعلیٰ اقتصادی مشیر ڈاکٹر وی Anantha ناگیشورن نے کہا کہ عالمی سطح پر غیر یقینی کے حالات کے باوجود ملک کی اقتصادی کارکردگی کافی مضبوط اور مستحکم ہے۔ نئی دلّی میں مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے تازہ اعداد و شمار کے بارے میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے لگاتار تین برسوں میں حقیقی GDP کی شرحِ نمو 7فیصد سے زیادہ رہنا، معیشت کے مجموعی استحکام کو ظاہر کرتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ موجودہ اشاریوں کی بنیاد پر Nominal جی ڈی پی کی شرحِ نمو تقریباً 11فیصد رہنے کی توقع ہے اور معیشت کا حجم آسانی سے 4 کھرب امریکی ڈالر کی حد کو پار کر جائے گا۔

جناب ناگیشورن نے کہا کہ بھارتی معیشت وسیع بنیادوں پر معاشی سرگرمیوں کی بدولت مضبوط رفتار برقرار رکھے ہوئے ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت آئندہ چند برسوں میں دنیا کی تیسری بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

اس موقع پر اعداد و شمار اور پروگراموں پر عمل در آمد کی وزارت کے سکریٹری سوربھ گرگ نے کہا کہ نئے

بنیادی سال 2022-23 کے مطابق رواں مالی برس کی دسمبر میں ختم ہونے والی تیسری سہ ماہی میں، GDP کی شرحِ نمو 7.8فیصد رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تیسری سہ ماہی میں Nominal جی ڈی پی کا تخمینہ 8.9فیصد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارت، ملک کی معیشت کی درست تصویر پیش کرنے کیلئے بنیادی سال میں نظرثانی کی گئی ہے۔

**Prez Leh Sortie**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راجستھان کے جیسلمیر میں فضائیہ کے اڈّے پر اندرون ملک تیار کردہ ہلکے جنگی ہیلی کاپٹر ''پرچنڈ'' میں 25منٹ کی پرواز کی، جو دو ہیلی کاپٹروں کی ایک ساتھ اڑان کا حصہ تھی۔ صدر جمہوریہ آگے رہنے والے طیارے میں گروپ کیپٹن Nayan Shantilal Bahua کے ہمراہ سوار تھیں، جبکہ فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امرپریت سنگھ اور گروپ کیپٹن اے مہندر، دوسرے ہیلی کاپٹر میں موجود تھے۔ مشن کے دوران دونوں پروازوں نے Gadisar جھیل اور جیسلمیر قلعے کے اوپر پرواز کی اور ایک ٹینک کے ہدف کو نشانہ بنایا۔ وزیٹر بک میں صدر جمہوریہ نے اس پرواز کو ایک شاندار تجربہ قرار دیا جس نے انہیں ملک کی دفاعی صلاحیتوں پر نئے سرے سے فخر کا احساس کرایا۔ انہوں نے مشن کے انعقاد پر بھارتی فضائیہ اور فضائیہ اڈہ جیسلمیر کی ٹیم کو مبارکباد دی۔x

**IAF Vayu Shakti**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راجستھان کے جیسلمیر کے پوکھرن میں بھارتی فضائیہ IAF کی اہم مشق کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور ایئر چیف مارشل امرپریت سنگھ بھی موجود تھے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ مشق میں بھارتی فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں کے ساتھ ساتھ فوجی اور جنگی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا گیا۔ پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Akshit**

بھارتی فضائیہ نے آج راجستھان کے پوکھرن رینج میں مشق وایوشکتی 2026کے دوران درستگی کے ساتھ نشانہ لگانے کی اپنی بے مثال صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ IAF نے اپنے اعلیٰ تربیت یافتہ اور پرجوش فضائی جنگجوؤں کی وسیع صلاحیتوں کی نمائش کی۔ مشق کے دوران، ڈسالٹ رافیل، سکھوئی– 30ایم کے آئی، ایچ اے ایل تیجس اور ڈسالٹ میراج 2000سمیت جدید لڑاکا طیاروں نے فضا سے زمین تک گائیڈیڈ بم اور میزائلوں سے درستگی کے ساتھ حملہ کیا۔ اس کے ساتھ ہی دشمنوں کے بنکر، رن وے اور کمانڈ سینٹر پر درست نشانہ لگانے کی اپنی صلاحیت کی عکاسی کی۔ اس کے ساتھ ہی، بوئنگ اے ایچ– 64اپاچے اور بوئنگ سی ایچ– 47چنوک ہیلی کاپٹروں نے کم اونچائی پر راکٹ اور گن فائرنگ ڈرل کی، رات اور بچاؤ اور دشوار گزار جنگی علاقوں میں سازوسامان کے نقل وحمل کی اپنی صلاحیتوں کا بھی مظاہرہ کیا۔ مشق میں آپریشن سندور کے دوران کئے گئے مربوط اور درست حملوں کا بھی مظاہرہ کیا گیا۔ بھارتی فضائیہ کی شاندار میراث کو اجاگر کرنے کیلئے ایک ڈرون شو کا بھی انعقاد کیا گیا۔

جیسلمیر سے Akshit Yadav کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

## VP Salem

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ امریکہ کی جانب سے محصولات کم کرکے 18 فیصد کئے جانے اور یوروپی ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کے بعد ملک کے ٹیکسٹائل اور صنعتی شعبوں میں نمایاں ترقی ہوگی۔ انھوں نے آج Salem میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ہینڈلوم ٹیکنالوجی میں نئے تعلیمی بلاک کا افتتاح کرتے ہوئے بُنکروں کی کاوشوں کو سراہا اور روایتی بُنائی کے ورثے کو محفوظ رکھنے پر زور دیا۔ نائب صدر نے کہا کہ حکومت کے اقدامات اور حالیہ تجارتی معاہدے، ٹیکسٹائل شعبے کیلئے نئی راہیں کھولیں گے، جس سے یہ شعبہ چین اور بنگلہ دیش کے ساتھ مقابلہ کرنے کے قابل ہوگا۔ انھوں نے یقین ظاہر کیا کہ حکومت کی کوششیں، ٹیکسٹائل صنعت کو فروغ دیں گی اور بُنکروں کی زندگی میں بہتری لائیں گی۔x

## India UK Dialouge

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان چھٹے امور داخلہ مذاکرات، آج نئی دلّی میں منعقد ہوئے۔ دونوں ملکوں نے جاری باہمی تعاون کا جائزہ لیا اور خالصتان حامی دہشت گردی، انگلینڈ میں بھارت مخالف گروپوں کی سرگرمیوں، منشیات کی اسمگلنگ، مائیگریشن، فوجداری انصاف کے نظام، قانون کا نفاذ اور سائبر سکیورٹی سمیت منظم جرائم سے نمٹنے اور دہشت گردی کی روک تھام میں مزید مضبوط شراکت داری کے امکانات کی نشاندہی کی۔ بھارت نے انگلینڈ میں اپنی ممتاز شخصیتوں اور سفارتی مشنوں میں سکیورٹی سے متعلق چوک پر تشویش کا اظہار کیا۔ بھارتی وفد کی قیادت، سرحدوں کے بندوبست کے امور کے سکریٹری راجیندر کمار نے کی، جبکہ انگلینڈ کے داخلی دفتر کے ثانی مستقل سکریٹری Sinaon Ridley نے کی۔ x

## Goyal Conclave

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت–امریکہ عبوری تجارتی معاہدے میں ملک کے زرعی اور MSME شعبے کے مفادات کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں، ڈیری، پولٹری، ماہی گیروں، MSME، ہینڈلوم اور تمام محنت طلب شعبوں سے متعلق حساس امور کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔آج نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ یہ معاہدہ، ملک کے حساس شعبوں کے مفادات کا مکمل تحفظ کرے گا۔ ایک اور تقریب میں انہوں نے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران کانگریس کارکنان کی ہنگامہ آرائی اور احتجاج کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں دلّی میں منعقدہ سمٹ میں کانگریس کے رویے سے ہر فرد شرمندہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کو ملک کی کامیابی اور ترقی سے حسد ہے۔ x

## Afghan PAK Attacks

افغانستان نے آج پاکستان میں فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے جوابی فضائی حملے کئے، جس کے بعد دونوں پڑوسی ممالک کے درمیان صورتحال مزید کشیدگی اختیار کرگئی ہے۔ روسی خبر رساں ایجنسی TASS کے مطابق

افغان مسلح افواج نے خیبرپختون خواہ صوبے میں ایبٹ آباد کے نزدیک Kakul گاؤں میں ایک فوجی ٹھکانے اور ایک نیوکلیائی تنصیب پر حملہ کیا۔ ایجنسی کے مطابق سیکڑوں مہلوکین اور زخمیوں کو اسلام آباد کے ایک اسپتال میں لے جایا گیا۔ پاکستان فوجی اکیڈمی Kakul میں واقع ہے۔ افغانستان کی وزارتِ دفاع کے مطابق، پاکستان کے حملوں کے جواب میں آج اُس نے پاکستانی راجدھانی اور دیگر مقامات پر کئی فوجی ٹھکانوں پر فضائی حملے کئے۔

طالبان کے ڈپٹی ترجمان حمداللہ فطرت نے کہا کہ آج صبح افغانستان فضائیہ نے کیمپوں، چھاؤنیوں اور فوجی کالونیوں کو نشانہ بناتے ہوئے اسلام آباد، نوشیرہ، جمرود اور ایبٹ آباد میں تنصیبات پر حملے کئے۔

افغانستان کی قومی دفاعی وزارت نے دعویٰ کیا ہے کہ چار گھنٹہ جاری لڑائی میں پاکستان کے 55 سپاہی مارے گئے اور 2 ٹھکانوں اور 19 چوکیوں کو تباہ کردیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے کابل، قندھار اور پکتیہ پر ہوائی حملوں کے بعد، افغانستان کی جانب سے یہ جوابی حملے کئے گئے ہیں۔ پاکستان نے اِس سے پہلے کئے گئے فضائی حملوں کے ساتھ آپریشن غضب للحق شروع کیا ہے۔ پاکستان کی وزارتِ دفاع نے اِن حملوں کو افغانستان کے خلاف کھلی جنگ قرار دیا ہے۔

طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان میں خصوصی حلقے نے خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کا ایک مشن شروع کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس لڑائی کے دوران، 13 افغانی سپاہی مارے گئے اور 22 زخمی ہوئے۔ افغانستان کے مطابق، جس میں افغانستان کے ننگرہار صوبے میں ایک پناہ گزین کیمپ پر پاکستانی فورسز کے ذریعے ایک میزائلی حملے میں عورتوں اور بچوں سمیت 13 افغانی شہری زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستان نے دعویٰ کیا ہے کہ کل رات افغانستان کے خلاف اُس کی کارروائی میں کم سے کم 133 افغان طالبان جنگجو ہلاک ہوئے۔

اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گتریس نے پاکستان اور افغانستان، دونوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سفارتی عمل کے ذریعے اپنے اختلافات کا تصفیہ کرنے کی کوشش کریں۔اِس دوران، ایران کے وزیر خارجہ سید عباس اراگچی نے کہا کہ ایران، پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعاون مستحکم کرنے کی غرض سے مذاکرات کیلئے ہر طرح کی مدد کرنے کیلئے تیار ہے۔ روس نے بھی دونوں ملکوں سے سفارتی ذرائع سے باہمی اختلافات حل کرنے کی اپیل کی ہے۔ اس سے پہلے، بھارت نے بھی افغانستان پر پاکستانی حملوں کی سخت مذمت کی، جس میں رمضان کے مقدس مہینے کے دوران خواتین اور بچوں سمیت شہری ہلاک ہوئے ہیں۔x

## Baloch Leader Pakistan

آزادی کے حامی بلوچ رہنما Hyrbyair Marri نے آج افغانستان پر پاکستان کے حالیہ حملوں کی مذمت کی اور اسلام آباد کی جانب سے افغانستان کی جوابی کارروائیوں پر اعتراض کرنے کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انھوں نے تاریخی طور پر عدالتی کارروائی کے بغیر بلوچ اور پشتون افراد کے مبینہ قتل سمیت مظالم کا ذکر کیا۔ انھوں نے افغانستان کی طویل مدتی حمایت کا اعادہ کیا اور پاکستان کی جارحیت کی مذمت کی۔ جناب Marri نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان پانچ رمضان 22 فروری کو کئے گئے اپنے حملوں کو بھول گیا ہے، جب اُس نے افغانستان کے اندر حملے کئے۔

## Rev. Kejriwal Court

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے عام آدمی پارٹی کے قومی کنویز اروند کجریوال، پارٹی رہنما منیش سسودیا اور دیگر افراد کو مبینہ دلّی شراب پالیسی گھپلے کے معاملے میں بری کیے جانے کے خلاف دلّی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ یہ قدم ٹرائل کورٹ کی جانب سے فیصلہ سنائے جانے کے چند گھنٹوں بعد اٹھایا گیا۔

ٹرائل کورٹ نے اس مقدمے میں تمام 23ملزمان کو بری کر دیا تھا، جن میں اروند کجریوال، منیش سسودیا اور کے کویتا شامل ہیں۔ CBI کا کہنا ہے کہ ٹرائل کورٹ نے اپنے فیصلے میں تحقیقات کے کئی اہم پہلوؤں کو نظر انداز کیا اور شواہد کا مناسب طور پر جائزہ نہیں لیا۔یہ شراب پالیسی دلّی حکومت نے 2021میں بنائی تھی، جسے بعد میں عمل درآمد میں بے ضابطگیوں کے الزامات کے بعد واپس لے لیا گیا تھا۔ لیفٹیننٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ نے اس پالیسی کی جانچ کے لیے مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI کو تحقیقات کرنے حکم دیا تھا۔x

## UN Iran

اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے سربراہ Volker Turk نے آج ایران پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر سزائے موت پر عمل درآمد روک دے اور خبردار کیا کہ درجنوں افراد کو سزائے موت کا سامنا ہو سکتا ہے۔ جنیوا میں اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کونسل سے خطاب کرتے ہوئے Turk نے کہا کہ کم سے کم آٹھ افراد کو مبینہ طور پر سزائے موت سنائی جا چکی ہے، جن میں دو بچے بھی شامل ہیں، جبکہ تقریباً 30دیگر افراد کو بھی سزائے موت کا خطرہ لاحق ہے۔ انھوں نے تہران کی ایک حالیہ عدالت کے فیصلے کا حوالہ دیا جس میں ایک شخص کو ''خدا کی نافرمانی'' کے الزام میں سزائے موت سنائی گئی، جو ممکنہ طور پر بدامنی سے منسلک پہلی پھانسی ہوسکتی ہے۔

انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ مظاہرین کے خلاف کارروائیوں کے دوران ہزاروں افراد ہلاک ہوئے، جسے ایران کے 1979کے اسلامی انقلاب کے بعد کا سب سے خونریز ہنگامہ قرار دیا جا رہا ہے۔ Turk نے ممکنہ علاقائی فوجی کشیدگی اور شہریوں پر اُس کے اثرات سے بھی خبردار کیا۔x

## Cricket

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں سپُر۔ 8کے گروپ۔2 کے میچ میں نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کے سامنے جیت کیلئے 160رن کا نشانہ رکھا ہے۔اس سے پہلے نیوزی لینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس نے مقررہ 20اوورز میں 7وکٹ پر 159رن بنائے۔جواب میں اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ نے 8اوورز میں 3وکٹ پر 56رن بنا لئے تھے۔بھارت سپُر۔ 8مرحلے کے اپنے آخری میچ میں، اتوار کو کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں ویسٹ انڈیز کا سامنا کرے گا۔ اس میچ کے نتیجے سے ہی ٹورنامنٹ میں بھارت کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میچز، 4اور 5مارچ کو جبکہ فائنل مقابلہ اگلے مہینے کی 8تاریخ کو کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆